# اللہ کے محبوب اور صالح بندوں کی صفات قرآنی آیات میں پڑھئے



ابونصر فاروق (۱)

رب نے پوچھا اے ابلیس، تجھے کیا ہوا کہ تو نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ نہ دیا؟ اُس نے کہا، میرا یہ کام نہیں ہے کہ میں بشر کو سجدہ کروں جسے تو نے سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے پیدا کیا ہے رب نے فرمایا اچھا تو نکل جا یہاں سے کیونکہ تو مردود ہے۔اور اب روز جزا تک تجھ پر لعنت ہے۔اُس نے عرض کیا، میرے رب یہ بات ہے تو پھر مجھے اُس روز تک کی مہلت دے جب کہ انسان دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔فرمایا اچھا تجھے مہلت ہے۔اُس دن تک جس کا وقت ہمیں معلوم ہے۔وہ بولا میرے رب جیسا تو نے مجھے بہکایا اسی طرح اب زمین میں ان کے لئے دل فریبیاں پیدا کر کے اُن سب کو بہکا دوں گا۔سوائے تیرے اُن بندوں کے جنہیں تو نے اُن میں سے خالص کر لیا ہو۔فرمایا یہ راستہ ہے جو سیدھا مجھ تک پہنچتا ہے۔بے شک جو میرے حقیقی بندے ہیں اُن پر تیرا بس نہ چلے گا، تیرا بس تو صرف اُن بہکے ہوئے لوگوں پر ہی چلے گا جو تیری پیروی کریں گے۔اور اُن سب کے لئے جہنم کی وعید ہے۔یہ جہنم (جس کا وعدہ ابلیس کی پیروی کرنے والوں سے کیا گیا ہے) اُس کے سات دروازے ہیں۔ہر دروازے کے لیے اُن میں سے ایک حصہ مخصوص کر دیا گیا ہے۔(المائدہ:۳۲ تا ۴۴)

بات یہاں سے شروع ہوتی ہے کہ جب آدم زمین پر آئے تو اُن کا اور اُن کی اولاد کا جانی دشمن بن کر شیطان بھی زمین پر آیا اور اُس کا مقصد یہ تھا اور ہے کہ پوری انسانی آبادی کو گمراہ کر کے اللہ کی نافرمانی پر آمادہ کر دے اور اس طرح جہنم میں پہنچا دے۔شیطان کا یہ منصوبہ اور اُس کا مشن صرف اُن لوگوں کو معلوم ہو سکتا ہے جو قرآن کو معنی اور مفہوم کے ساتھ پڑھتے ہیں۔جو ایسا نہیں کرتے وہ شیطان کی چالوں سے بچ ہی نہیں سکتے اور جہنم کی آگ اُن کا مقدر بن جاتی ہے۔شیطان نے انسانوں کے ایک بڑے گروہ کو اپنا شاگرد بنا کر اُن کے ذریعہ مسلمانوں میں یہ بات مشہور کرنی اور پھیلانی شروع کر دی کہ قرآن کو معنی اور مطلب سمجھ کر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔بے سمجھے بوجھے پڑھتے رہو ہر ہر حرف پر دس دس نیکی ملے گی۔مسلمانوں میں ایک بہت بڑی جماعت اسی شیطانی منصوبے کو کامیاب بنانے میں لگی ہوئی ہے۔

قرآن کی آیات، تعلیم، ہدایات اور احکام سے غافل اور انجان لوگ جانتے ہی نہیں ہیں کہ اللہ کیسے بندوں کو پسند کرتا ہے، اُن کو اپنا ولی بتاتا ہے اور اُن کو دنیا کے ہر غم اور خطرے سے محفوظ رکھتا ہے۔اور کتنے ایسے نمازی، حاجی اور عبادت گزار مسلمان ہیں جو اللہ اور رسول کے نزدیک مومن اور مسلم ہیں ہی نہیں۔اُن کی نمازیں، عبادتیں اور حج وعمرہ اُن کو جہنم میں جانے سے نہیں بچا پائے گا، اس لئے کہ دراصل وہ شیطان کے ساتھی ہیں۔

(۱) جن لوگوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے، یقیناً ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ نہ ڈرو نہ غم کرو، اور خوش ہو جاؤ اس جنت کی بشارت سے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ہم اس دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی۔وہاں جو کچھ تم چاہو گے تمہیں ملے گا اور ہر چیز جس کی تم تمنا کرو گے وہ تمہاری ہوگی۔یہ ہے سامان ضیافت اس ہستی کی طرف سے جو غفور اور رحیم ہے۔(ح-م-السجدہ:۳۰ تا ۳۲) یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا کے مال و اسباب پر بھروسہ نہیں کرتے بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ کرتے ہیں۔

(۲) اے لوگو جو ایمان لائے ہو، میں بتاؤں تم کو وہ تجارت جو تمہیں عذاب الیم سے بچا دے؟ ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر، اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے، یہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔اور وہ دوسری چیز جو تم چاہتے ہو، وہ بھی تمہیں دے گا، اللہ کی طرف سے نصرت اور قریب ہی میں حاصل ہو جانے والی فتح، اے نبی ﷺ اہل ایمان کو اس کی بشارت دے دو۔(الصف:۱۰، ۱۱ اور ۱۳)

اللہ کا اصلی دین لوگوں تک پہنچے، وہ اس پر عمل کر کے جنت کے حقدار بنیں اور جہنم کی آگ سے بچیں اس کی جتنی کوششیں کی جارہی ہیں اُن کا تعاون کرنے اور اس مقصد کو کامیاب بنانے کے لئے اپنی جان بھی کھپائی جائے اور اس راہ میں اپنا مال بھی خرچ کیا جائے یہی اصل کامیابی کی تجارت ہے۔یہ کام کیسے کیا جائے گا اس کا طریقہ اس آیت میں بتایا جارہا ہے۔(۳) اور اُس شخص سے اچھی بات اور کس کی ہوگی جس نے اللہ کی طرف بلایا اور نیک عمل کیا اور کہا کہ میں مسلمان ہوں۔اور اے نبی نیکی اور بدی یکساں نہیں ہیں، تم بدی کو اُس نیکی سے دور کرو جو بہترین ہو۔تم دیکھو گے کہ جس کے ساتھ تمہاری عداوت پڑی ہوئی تھی، وہ جگری دوست بن گیا ہے۔یہ صفت نصیب نہیں ہوتی مگر اُن لوگوں کو جو صبر کرتے ہیں۔اور یہ مقام حاصل نہیں ہوتا مگر اُن لوگوں کو جو بڑے نصیبے والے ہیں۔اگر تم شیطان کی طرف سے کوئی اکساہٹ محسوس کرو تو اللہ کی پناہ مانگ لو، وہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔(حم السجدہ:۳۳ تا ۳۶)

ہر ایمان کا دعوے دار سب سے پہلے زندگی کا ہر عمل شریعت کے مطابق کر کے اپنے نیک ہونے کا ثبوت دے۔اُس کے ساتھ جو لوگ برائی کریں وہ اُن کا جواب اپنے حسن سلوک سے دے۔بدلہ اور انتقام لینے کی کوشش نہ کرے۔حالانکہ شیطان اکسائے گا اور غصہ دلائے گا کہ سامنے والے سے بدلہ اور اُس کے ہوش ٹھکانے لگا دو۔لیکن اللہ کا نیک بندہ شیطان کی اکساہٹ محسوس کر کے توبہ استغفار کرے گا اور اللہ سے مدد مانگے گا۔اور پھر اللہ نیک بندے کے دشمن کے دل میں اپنے بندے کے لئے محبت پیدا کر دے گا اور یہی مومن و مسلم کی سب سے بڑی خوش نصیبی ہے۔

(۴) جو ہر حال میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں خواہ بدحال ہوں یا خوش حال۔جو غصے کو پی جاتے ہیں اور دوسروں کے قصور معاف کر دیتے ہیں، ایسے نیک لوگ اللہ کو بہت پسند ہیں۔(آل عمران:۱۳۴)

یہاں جو بات کہی گئی تھی اُس میں غصے کو پی جانے اور قصور معاف کرنے کے ساتھ ساتھ مال خرچ کرنے کو کہا گیا یعنی اللہ کے جو محتاج، مجبور اور معذور بندے ہیں اُن کی اپنے مال سے مدد کرو اور اُن کی خیر خواہی کرتے ہوئے اُن کا سہارا بنو تو اللہ تمہارا سہارا بن جائے گا۔

(۵) ......اے لوگو جو ایمان لائے ہو جو کچھ مال و متاع ہم نے تم کو بخشا ہے اُس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی نہ دوستی کام آئے گی اور نہ سفارش چلے گی اور ظالم اصل میں وہی ہیں جو کفر کی روش اختیار کرتے ہیں۔(البقرہ:۲۵۴)

اس آیت میں بتایا گیا کہ اللہ جو حکم دے رہا ہے اگر اُس پر عمل کرتے ہوئے اپنا مال خرچ نہیں کرو گے اور اپنا مال دوسروں کے لئے چھوڑ کر چلے جاؤ گے تو تمہارا یہ مال آخرت میں تمہارے کسی کام نہیں آئے گا۔آخرت میں مال نہیں خرچ کرنے والے ظالم کو دوستی اور سفارش فائدہ نہیں دے گی۔

(۶) بیشک نیک لوگ (جنت میں) شراب کے ایسے ساغر پئیں گے جن میں کافور کی ملاوٹ ہوگی۔یہ ایک بہتی ہوئی نہر ہوگی جس کے پانی کے ساتھ اللہ کے بندے شراب پئیں گے اور جہاں چاہیں گے اُس کی شاخیں نکال لیں گے۔ہ وہ لوگ ہیں جو (دنیا میں) نذر پوری کرتے ہیں اور اُس دن سے ڈرتے ہیں جس کی آفت ہر طرف چھائی ہوئی ہوگی۔اور اللہ کی محبت میں مسکین اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔(اور اُن سے کہتے ہیں کہ) ہم تمہیں صرف اللہ کی خاطر کھلا رہے ہیں۔ہم تم سے نہ کوئی بدلہ چاہتے ہیں نہ شکریہ۔ہمیں تو اپنے رب سے اُس دن کے عذاب کا خوف لاحق ہے جس سخت مصیبت کا انتہائی طویل دن ہوگا۔(الدہر:۵ تا ۱۰)

دنیا میں اللہ کی رحمت کے سائے میں رہنے والے نیک بندے جب دنیا سے لوٹ کر اپنے رب کے پاس جائیں گے تو مہمان کی طرح اُن کا استقبال ہوگا اور اُن کی مہمان نوازی کی جائے گی۔اُس انعام کی وجہ اُن کا یہ عمل بتایا جارہا ہے کہ اللہ سے محبت کا ثبوت پیش کرنے کے لئے وہ مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے تھے۔اور اُن سے بدلہ تو کیا شکریہ تک نہیں چاہتے تھے۔اور یہ عمل قیامت کے عذاب سے بچنے کے لئے کرتے تھے۔

(۶) جو لوگ ہماری خاطر مجاہدہ کریں گے ہم انہیں اپنے راستے دکھائیں گے، اور یقیناً اللہ نیکو کاروں کے ہی ساتھ ہے۔(العنکبوت:۶۹)

یہاں اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کے لئے ایک اور انعام کا اعلان کر رہا ہے کہ جو لوگ دنیا کے تمام ضروری فرائض ادا کرتے ہوئے اللہ کے دین کے لئے بھی تن من دھن سے مصروف رہیں گے اللہ تعالیٰ اُن کا رہبر اور رہ نما بن جائے گا اور زندگی کے ہر قدم پر صحیح فیصلہ کرنے اور صحیح تدبیر کرنے میں اُن کی مدد کرے گا۔سوچئے جس کا مشیر کار، رہبر و رہ نما اور پیر و مرشد خود اللہ بن جائے اُس کو دنیا کے کسی کام میں نقصان اور گھاٹا ہو سکتا ہے۔

(۷) اور جس نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا تھا اور نفس کو بری خواہشات سے روکا تھا جنت اُس کا ٹھکانہ ہوگی۔(نازعات: ۴۰/۴۱) اللہ کے نیک اور محبوب بندے بننے کی ایک اور صفت یہاں یہ بتائی جارہی ہے کہ وہ اپنے شوق اور خواہش کے غلام نہیں ہوتے ہیں بلکہ اللہ اور رسول کے احکام کی پیروی کرنے والے ہوتے ہیں۔

(۸) جو اپنی امانتوں کی حفاظت اور اپنے عہد کا پاس کرتے ہیں جو اپنی گواہیوں میں سچائی پر قائم رہتے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں یہی لوگ عزت کے ساتھ جنتوں میں رہیں گے۔(المعارج:۳۲/۳۵)

اللہ کا نیک اور محبوب بندے کی دو اور صفات یہاں بتائی جا رہی ہیں۔ایک یہ کہ وہ جب کسی کے ساتھ کوئی عہد و پیمان کرتے ہیں تو اُس کو ہر قیمت پر نبھاتے ہیں۔عہد کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔جب کسی معاملے میں گواہی دینی ہو تو سچی گواہی دیتے ہیں۔دنیا کے فائدے کے لئے کبھی بھی جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور یہ دونوں عمل کر کے اپنی نماز کو برباد ہونے سے بچاتے اور نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔جو لوگ نمازی ہو کر بھی ان دو نیکیوں سے محروم ہیں اُن کی نماز تباہ و برباد ہو جاتی ہے اور اُنہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی ہے۔

(۹) یقیناً جو مرد اور جو عورتیں مسلم ہیں، مومن ہیں، فرماں بردار ہیں، سچے ہیں، صبر کرنے والے ہیں، اللہ کے آگے جھکنے والے ہیں، صدقہ دینے والے ہیں، روزہ رکھنے والے ہیں، اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے ہیں، اللہ نے اُن کے لئے مغفرت (بخشش) اور بڑا اجر مہیا کر رکھا ہے۔(الاحزاب:۳۵)

اللہ کے نیک اور محبوب بندوں (مرد اور عورتوں) کی پہچان یہ ہے کہ وہ اللہ کی بندگی میں، ایمان کے تقاضے پورے کرنے میں، اللہ کی فرماں برداری کرنے میں کوتاہی نہیں کرتے۔صبر کرتے یعنی آفت اور مصیبت میں ڈٹے رہتے ہیں، قدم پیچھے نہیں ہٹاتے۔ہر حال میں اللہ کے آگے جھکے اور فریاد کرتے رہتے ہیں۔اپنی تدبیر اور دوسروں پر بھروسہ نہیں کرتے ہیں بلکہ اللہ کے سہارے رہتے ہیں۔ہمیشہ دل کھول کر صدقہ اور خیرات کرتے رہتے ہیں، روزوں کا اہتمام کرتے ہیں، بے حیائی کا کوئی کام نہیں کرتے ہیں اور ہمیشہ ہر حال میں اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہتے ہیں، دنیا کے کام اور دھندے اُن کو اللہ کی یاد سے غافل نہیں کر پاتے۔ایسے ہی لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ ہر طرح کے گناہ معاف کرنے اور بہترین اجر کا وعدہ کرتا ہے۔

(۱۰) حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے مومنوں سے ان کے نفس اور ان کے مال جنت کے بدلے خرید لئے ہیں، وہ اللہ کی راہ میں لڑتے اور مارتے اور مرتے ہیں، اُن سے (جنت کا وعدہ) اللہ کے ذمہ ایک پختہ وعدہ ہے تورات اور انجیل اور قرآن میں اور کون ہے جو اللہ سے بڑھ کر اپنے عہد کا پورا کرنے والا ہو، پس خوشیاں مناؤ اس سودے جو تم نے خدا سے چکا لیا ہے، یہی سب سے بڑی کامیابی ہے اللہ کی طرف بار بار پلٹنے والے، اس کی بندگی بجالانے والے، اس کی تعریف کے گن گانے والے، اس کی خاطر زمین میں گردش کرنے والے، اس کے آگے رکوع اور سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے اور بدی سے روکنے والے اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے، اس شان کے ہوتے ہیں وہ مومن جو اللہ سے بیع کا یہ معاملہ کرتے ہیں) اور اے نبی مومنوں کو خوشخبری دے دو۔(التوبہ:۱۱۱/۱۱۲)

ان آیتوں میں ایک ایسی بات بتائی جارہی ہے جو عام طور پر مسلمان نہیں جانتے ہیں۔وہ بات یہ ہے کہ جیسے ہی کوئی آدمی کلمہ پڑھ کر مسلمان بنتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں اپنے آپ کو بیچ دیتا ہے۔اُس کی جان، مال، کام کرنے کی صلاحیت، طاقت، لیاقت، قابلیت، سوچ، سمجھ، خواہش، ارادہ سب کچھ اللہ کی ملکیت بن جاتا ہے۔اُس کے پاس کچھ بھی اُس کا اپنا نہیں رہتا ہے۔اُس کا سب کچھ اللہ کی امانت بن جاتا ہے۔وہ اپنے آپ کا مالک نہیں بلکہ اللہ کی امانت کا امانت دار بن جاتا ہے۔اب اگر وہ زندگی کا کوئی کام بھی اللہ کے حکم کے خلاف کرتا ہے تو وہ امانت میں خیانت کا مجرم کہلاتا ہے اور اللہ کے ساتھ دغابازی، غداری اور بے ایمانی کرنے کا مجرم بن جاتا ہے۔جو آدمی اللہ کی نگاہ میں مجرم بن گیا وہ اللہ کی رحمت، مغفرت، فضل اور برکت کا حقدار کیسے ہو سکتا ہے۔اللہ تعالیٰ اُس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرے گا جیسے وہ اپنے کافر و مشرک اور منافق بندوں کے ساتھ کرتا ہے۔

آدمی جب تک قرآن کو سمجھ کر نہیں پڑھے گا اور قرآن کے احکام کی پیروی نہیں کرے گا، نہ وہ مسلمان بن سکتا ہے نہ مومن، نہ متقی، نہ صالح بلکہ شیطان کا فوجی بنا رہے گا۔خود بھی جہنم میں جائے گا اور اپنے گھر اور خاندان والوں کو بھی جہنم میں لے جائے گا۔کاش اس مضمون کر پڑھ کر لوگ اللہ کے کلام سے اپنا رشتہ جوڑیں اور اللہ کے محبوب اور صالح بندے بن جائیں۔

# ہم جگر کی بیماریوں سے کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں؟

## امراض جگر کیا ہیں؟ ان کے اسباب اور علاج کیا ہے؟

BBC Urdu

**مریض کمزور حالت میں کمرے میں داخل ہوا۔ چلنا پھرنا دوبھر ہو رہا تھا، چہرے پہ پیلاہٹ نمایاں تھی، آنکھیں پیلی زرد تھیں۔ پوچھنے پہ بتایا کہ کئی دنوں سے یہ حالت ہے۔ بھوک بالکل نہیں لگتی۔ اکثر قے آجاتی ہے اور کچھ کھانے کو دل نہیں کرتا۔ ایسا یرقان یا ہیپاٹائٹس میں ہوتا ہے۔**

''یرقان'' یا ہیپاٹائٹس میں جلد، آنکھوں کے سفید حصے اور جسم میں موجود مختلف جھلیوں وغیرہ کا رنگ پیلا زرد ہوجاتا ہے۔ مریض کو ایک نظر دیکھنے سے زبردست پیلاہٹ کا تاثر ملتا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ خون میں ایک کیمیائی مادہ بلی روبین **Bilirubin** کی زیادتی ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے یرقان کو پیلیا کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

یرقان کی مختلف اقسام اے، بی، سی، ڈی اور ای ہیں۔ یہ بیماری ایک وائرس کی مختلف قسموں سے ہوتی ہے جنہیں وائرس **D,C,B,A** اور **E** کے نام دیئے گئے ہیں۔ وائرس کی بی اور سی اقسام سے ہونے والی بیماری زیادہ خطرناک اور عام ہے۔ وائرس **A**، **D** اور **E** زیادہ خطرناک نہیں۔ مریض چند دنوں میں خود بخود ٹھیک ہوجاتا ہے۔

وجوہات اور پھیلاؤ

حفظان صحت کے اصولوں سے لاعلمی، پانی اور سیوریج کے ناقص انتظام، پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، انتقال خون کے لیے، مناسب ٹیسٹوں کے فقدان کی وجہ سے جگر کی بیماری ہوتی اور پھیلتی ہے۔ بیماری کا جراثیم مریض کے فضلہ کے راستے خارج ہوکر پانی میں شامل ہوکر صحت مند لوگوں میں بیماری پھیلا سکتا ہے۔

ہیپاٹائٹس بی انسان کے خون سے صحت مند لوگوں تک پہنچتا ہے۔ اگر وائرس سے متاثر کسی شخص کا خون صحت مند آدمی کو لگا دیا جائے تو اس کو یہ بیماری لگنے کا امکان ہوتا ہے۔

متاثرہ آدمی کا خون لگنے یا کوئی بھی ایسا ذریعہ جس سے معمولی یا بہت تھوڑی مقدار میں خون میڈیکل آلات، مثلاً قینچی، سرنج وغیرہ کے ذریعے بھی بیماری کا وائرس خون میں شامل ہوسکتا ہے۔ مریض کی جسمانی رطوبت سے بھی بیماری پھیل سکتی ہے۔ اس کے علاوہ مریض کے زیر استعمال اشیاء استعمال کرنے سے بھی بیماری لگ سکتی ہے۔ ہیپاٹائٹس بی کا وائرس قربت کے تعلقات اور جنسی اختلاط میں بھی ایک ساتھی سے دوسرے کو لگ سکتا ہے۔

علامات

ہیپاٹائٹس یا یرقان کی بیماری کی تمام اقسام کی علامات تقریباً ایک جیسی ہوتی ہیں۔ ابتدائی طور پر ہلکا بخار، منہ کا ذائقہ تبدیل ہونا، بھوک نہ لگنا اور پیٹ میں ہلکا درد ہوتا ہے۔ تین چار دن بعد بخار کی شدت بڑھ جاتی ہے۔ آنکھوں کا رنگ پیلا ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ پیشاب گہرا پیلا اور زرد ہوجاتا ہے۔

بھوک بالکل ختم ہوجاتی ہے۔ بار بار متلی اور قے ہوتی ہے۔ جگر اور تلی دونوں بڑھ جاتے ہیں اور بعض مریضوں کے گلے کے غدود بھی بڑھ جاتے ہیں۔ کچھ دنوں بعد یہ علامات ختم ہونا شروع ہوتی ہیں مگر پیلاہٹ ہفتہ سے دس دنوں تک برقرار رہتی ہے۔ اس دوران مریض بہت کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اس وجہ سے مریض کو زیادہ سے زیادہ آرام کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

تشخیص

اگر کسی میں اوپر دی گئی علامات ظاہر ہوں تو ضروری ہے کہ فوراً ڈاکٹر سے مشورہ کیا جائے۔ بیماری کی تشخیص خون کا ٹیسٹ کرواکے کی جاتی ہے جس میں جگر کے افعال اور خون میں بلوروبین وغیرہ کی مقدار کو چیک کیا جاتا ہے۔

علاج اور احتیاط

یرقان ایک متعدی اور خطرناک مرض ہے جو وائرس سے ہوتا ہے۔ اس کے علاج میں سب سے اہم بات مکمل احتیاطی تدابیر کا اختیار کرنا ہے تاکہ ایک تو بیماری زیادہ خطرناک صورت حال اختیار نہ کرے، دوسرے یہ صحت مند لوگوں تک نہ پہنچ جائے۔ یرقان کے علاج میں مندرجہ ذیل اہم امور کو یاد رکھیں۔

-1 آرام، -2 غذا، -3 دواؤں کا استعمال

-1 آرام

ہیپاٹائٹس یا یرقان کی بیماری میں آرام کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ مریض کو کھلے ہوادار کمرے میں رکھا جائے۔ زیادہ سے زیادہ آرام کرنے کا موقع دیا جائے۔ طبیعت اجازت دے تو تھوڑا بہت چلا بھی جاسکتا ہے لیکن زیادہ چلنے پھرنے سے مریض بہت جلد تھکن کا شکار ہوسکتا ہے جس سے بیمار جگر پر مزید بوجھ پڑ سکتا ہے۔

-2 غذا

یرقان کی بیماری میں مریض کو بھوک کم لگتی ہے۔ اس دوران زیادہ ثقیل اور مرغن غذائیں تو ویسے بھی کھانے کو بالکل دل نہیں کرتا۔ یرقان کی بیماری میں پروٹین غذا سے بالکل پرہیز کرنا چاہیے۔ مریض کو سبزیاں ابال کر بغیر گھی کے کھانی چاہئیں کیونکہ زیادہ گھی کا استعمال بھی خطرناک ہوسکتا ہے۔ اس حالت میں پینے والی اشیاء مثلاً فریش جوس، کچی لسی، گلیکوز ڈی وغیرہ زیادہ استعمال کریں۔ سبزیاں ابال کرلیں۔ سبز پتوں والی اور تازہ سبزیاں اور پھل بکثرت لیں۔

-3 دواؤں کا استعمال

یرقان کی بیماری میں دواؤں کے استعمال سے مناسب حد تک پرہیز کرنا چاہیے۔ مختلف دوائیں معدے سے جگر تک پہنچتی ہیں اور جگر ہی انہیں قابل استعمال بناتا ہے۔ اس لیے اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ یرقان میں دوائیں کھانے سے جگر پر غیر ضروری بوجھ پڑے گا کیونکہ وہ تو پہلے ہی زخمی (بیمار) ہوتا ہے۔ اگر ضروری ہو تو ڈاکٹر کے مشورے سے دوا لیں۔

احتیاطی تدابیر

-1 ہیپاٹائٹس بی کا تدارک اس کے حفاظتی ٹیکوں (ویکسین) کے کورس سے ممکن ہے۔ جو لوگ ہسپتال، کسی لیبارٹری، بلڈ بینک وغیرہ میں کام کرتے ہوں، انہیں چاہیے کہ یہ ویکسین ضرور لگوا لیں۔

-2 جب کسی کو یرقان کی بیماری ہو جائے تو اسے علیحدہ کمرے میں رکھیں۔ صحت مند لوگ اس کی زیر استعمال اشیاء ▯ استعمال نہ کریں۔ مریض کی جملہ رطوبتیں جن میں پیشاب، پاخانہ، لعاب دہن وغیرہ شامل ہیں کو صحیح طور پر ٹھکانے لگایا جائے۔ مریض کی زیر استعمال چیزوں کو چھونے سے پہلے اور اس کے بعد ہاتھ اچھی طرح صابن سے صاف کریں اور ان کو استعمال کرنے سے پرہیز کریں۔

-3 یرقان کے مریض کو قربت کے تعلقات مثلاً جسمانی اختلاط سے پرہیز کرنا چاہیے۔

-4 اگر گھر میں کسی کو مرض ہو جائے تو تمام صحت مند لوگوں کو چاہیے کہ اگر ممکن ہو سکتے تو ہیپاٹائٹس کی ویکسین لگوا لیں جس سے بیماری سے بچا جا سکتا ہے۔

-5 گھر اور اردگرد کی صفائی کے حالات اور سیوریج کے انتظام کو بہتر بنایا جائے۔

-6 بیماری کی وبا کی صورت میں پانی ابال کر استعمال کریں۔

-7 اگر کبھی کسی مریض کو خون لگوانا ہو تو اس بات کی تسلی کر لیں کہ اس خون کا ہیپاٹائٹس بی یا دوسری بیماریوں کے جراثیم کی موجودگی کے لیے ٹیسٹ کیا گیا ہے کہ نہیں۔

-8 کھانے پینے کی اشیاء کو ڈھانک کر رکھیں۔ حجام کی دکانوں پر کم سے کم جائیں کیونکہ حجام کے استرے، قینچیوں وغیرہ سے کٹ لگنے سے بھی بیمار آدمی سے بیماری کے جراثیم صحت مند لوگوں میں پہنچ سکتے ہیں۔

ہیپاٹائٹس ''سی'' کی بیماری علاج اور احتیاط

اس میں کوئی کلام نہیں کہ ہیپاٹائٹس سی ایک خطرناک مرض ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ بیمار ہونے کی صورت میں پریشان ہونے کی بالکل ضرورت نہیں۔ پاکستان میں لاکھوں لوگ اس بیماری سے متاثر ہیں۔

ان میں سے **90** فیصد سے زیادہ لوگ نارمل زندگی گزار رہے ہیں کیونکہ زیادہ تر لوگوں میں ہیپاٹائٹس سی کا وائرس کوئی زیادہ مسئلہ نہیں کرتا۔ اس لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ بیماری کے ساتھ مقابلہ کرنا ہے اور ہمت سے اس سے نبرد آزما ہونا ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ لوگ بیماری کا وائرس ہوتے ہی نام نہاد حکیموں اور ڈاکٹروں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں جو انہیں پہلے تو خوب ڈراتے ہیں اور اس کے بعد علاج کے نام پر نت نئے ڈرامے کرتے ہیں۔

کوئی سفوف دیتا ہے اور کوئی جعلی قسم کے ٹیکے اور اکیسر اعظم۔ جو رہی سہی کسر چھوڑ کر ''بیمار جگر'' کو اور بھی بیمار کرنے کا سبب بنتے ہیں اور یوں بیماری اپنی پوری تباہ کاریوں کے ساتھ بندہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے اور مریض کی تکالیف میں کئی گناہ اضافہ ہوجاتا ہے۔

اس لیے ضروری ہے کہ ان تمام شعبدہ بازیوں سے بچا جائے۔ مستند ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور غلط لوگوں کے ہتھے نہ چڑھیں۔ ہیپاٹائٹس سی کے تمام مریضوں کی رہنمائی کے لیے مندرجہ ذیل گائیڈ لائن دی جارہی ہیں جس پر عمل کر کے وہ اپنی زندگی نارمل طریقے سے گزار سکتے ہیں۔

ڑ اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ بیماری ہونے کی صورت میں کسی قسم کی پریشانی یا گھبراہٹ کا شکار نہ ہوں۔ اس کو صرف ایک عام بیماری سمجھیں۔

ڑ بیماری کے ساتھ لڑنے کا عزم صمیم کر لیں اور زندگی کے معمولات میں کسی قسم کی کمی نہ کریں۔

ڑ ہیپاٹائٹس سی کے ٹیسٹ یعنی پی سی آر جینوٹائپنگ اور جگر کے ٹیسٹ، الٹرا ساونڈ وغیرہ کسی مستند لیب سے کروائیں۔

ڑ یاد رہے کہ ہیپاٹائٹس سی متعدی مرض نہیں۔ اس لیے آپس میں میل جو، اکٹھے کھانا کھانے اور ایک ساتھ رہنے میں کوئی حرج نہیں۔

ڑ ہیپاٹائٹس سی پھیلنے کا بڑا ذریعہ انتقال خون ہے۔ متاثرہ سرنج سے بھی پھیل سکتا ہے۔ اس لیے انجکشن ہمیشہ نئی سرنج سے لگوایا جائے۔ اس کے علاوہ متاثرہ شخص سے اپنا شیونگ کا سامان، ٹوتھ برش، پیسٹ وغیرہ علیحدہ رکھنا رکھنا چاہیے کیونکہ کسی قسم کی خراش یا زخم سے بھی وائرس صحت مند آدمی کو لگ سکتا ہے۔

ڑ مریض کو ہر ماہ جگر کے افعال کے ٹیسٹ (خصوصاً **ALT**) کروانا چاہیے۔

ڑ انٹرفیرون کے انجکشن لگوانے سے بیماری دور ہونے کے **70** فیصد سے زیادہ امکان ہیں۔ ان ٹیکوں کے تھوڑے بہت مضر اثرات ہوتے ہیں۔ جن سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں لیکن ٹیکوں کے انتخاب میں ضروری ہے کہ کم قیمت کے مقامی ٹیکے استعمال کی جائیں۔ آج کل کئی برانڈ موجود ہیں اور **5-4** ہزار روپے ماہانہ خرچ میں ٹیکے اور کیپسول مل جاتے ہیں۔

ڑ اس کے علاوہ ہیپاٹائٹس سی کی بیماری کو کنٹرول کرنے اور جگر کے افعال کو بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل گھریلو نسخے بھی کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔

ڑ تازہ مولی پتوں سمیت یا اس کا رس نکال کر روزانہ استعمال کریں۔

ڑ صبح ناشتے میں ملٹھی اور سونف کا باقاعدہ استعمال کریں۔

ڑ مولی، ملٹھی، سونف، دارچینی اور گلوکوز کا محلول بنا کر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یمنٰی طبی فلاحی مرکز پر کئی مریضوں میں محلول استعمال کیا گیا۔ اس سے نہ صرف ان کے جگر کے افعال درست ہوئے بلکہ کچھ میں ہیپاٹائٹس سی کے مرض کا خاتمہ بھی ہوا۔

**ڑ ہمارے ویلفیئر ہسپتال میں ہیپاٹائٹس ''سی'' اور ''بی'' کے لیے ہیپاکول سیرپ، گولیاں اور شربت پپیتہ کا استعمال کئی سالوں سے جاری ہے۔ الحمدللہ سینکڑوں مریضوں کو شفا ہوئی ہے۔ ہیپاکول سے جگر کے نہ صرف افعال درست ہوتے ہیں۔ جسم میں قوت مدافعت پیدا ہوتی ہے۔ وائرس کمزور ہو کر مزید نقصان پہنچانے کے قابل نہیں رہتا۔ شربت پپیتہ کے باقاعدہ استعمال سے خون میں پلیٹلٹس کی تعداد مقدار جو ہیپاٹائٹس سی میں کم ہو جاتی ہے، نارمل ہو جاتی ہے۔**



